پریس ریلیز

دی بینک آف پنجاب اور پی آئی ٹی بی ای- خدمت مرکز کے مابین بینکنگ خدمات کی فراہمی کیلئے پنجاب بھر میں موجود ای- خدمت مراکز میں بینکنگ بوتھ قائم کر کے بینکنگ خدمات کی فراہم کرنے کی یاداشت پر دستخط

دی بینک آف پنجاب ملک بھر میں شہریوں کو سہولیات اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم مہیا کرنے کیلئے ہمیشہ سے پیش پیش رہا ہے۔اسی تناظر میں دی بینک آف پنجاب کے صدر اور سی ای او ظفر مسعود اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے چیئرمین اظفر منظور نے یاداشت پر دستخط کیے۔جس کے تحت پنجاب بھر میں موجود ای- خدمت مراکز میں فراہم کی جانے والے خدمات میں اضافے کیلئے دی بینک آف پنجاب کے مستقل بوتھ قائم کر کرے شہریوں کو ایک ہی چھت کے نیچے دیگر خدمات کے ساتھ بینکاری کی خدمات بھی فراہم کی جائیں گی۔شہریوں کو سہولیات اور خدمات کی فراہمی کیلئے پی آئی ٹی بی کے تحت قائم ای- خدمت مراکز میں ایک ہی چھت کے نیچے وفاقی وصوبائی محکموں سے متعلق 78 سے زائد خدمات موثر ومنظّم انداز میں فراہم کی جارہی ہے۔ پنجاب بھر میں شہریوں کو سی ایف ایس سی ایس ای- خدمت مراکز میں بینکاری کی خدمات کی فراہمی سے ای- خدمت مراکز میں فراہم کی جانے والی خدمات کا دائرہ وسیع ہوگا۔ پنجاب بھر میں مرحلہ وار 36 سی ایف ایس سی ایس کا قیام عمل میں لایا جائے گا جبکہ اس وقت پنجاب بھر میں 10 سی ایف ایس سی ایس خدمات کی فراہمی میں مصروف عمل ہیں۔